افغانستان کے صوبے قندوز کی مسجد میں دھماکے اور نمازیوں کی کثیر تعداد میں جانیں ضائع ہونے پر پیغام - 9 /Oct/ 2021

افغانستان کے صوبے قندوز کی ایک مسجد میں اندوہناک دھماکے اور نمازیوں کی کثیر تعداد میں جانیں ضائع ہونے کے بعد ، امام خامنہ ای نے ان خوفناک جرائم میں ملوث افراد کو سزا دینے اور اس طرح کے واقعات کو روکنے کی ضرورت پر زور دیا۔ رہبر انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قندوز کے خان آباد علاقے کی مسجد میں تلخ اور اندوہناک دھماکہ ، جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں نمازی مومنین کی جانیں ضائع ہوئیں ، نے ہمیں غمزدہ کیا ہے۔ ہمارے پڑوسی ، برادر ملک افغانستان کے حکام سے سنجیدگی سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس بھیانک جرم کا ارتکاب کرنے والے خونخوار مجرموں کو سزا دیں گے اور اس طرح کے سانحات کے دوبارہ ہونے سے روکنے کے لیے تمام اقدامات کریں گے۔ میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اس واقعہ کے شہداء پر اپنی برکتیں نازل کرے اور انکے درجات کو بلند کرے اور زخمیوں کو شفائے عاجلہ اور ان کے لواحقین اور پسماندگان کو صبر اور سکون عطا کرے۔

سید علی خامنہ ای

9 اکتوبر 2021۔